’’تہران میں ڈاکٹر تقیؔ عابدی کی علمی اور ادبی خدمات کا اعتراف‘‘

سازمان فرہنگ اور ارتباطات کے عالمانہ جلسہ کی مختصر روداد

(خصوصی رپورٹ)

تہران ۱۷ ؍ اگست شام کے چھ بجے سازمان فرہنگ اور ارتباطات کی جانب سے، سازمان کے کانفرس ہال میں ایک خوبصورت علمی محفل ڈاکٹر سید تقیؔ عابدی کی علمی اور ادبی خدمات کے اعتراف میں برگزار کی گئی جس میں سب سے پہلے سازمان فرہنگ اور ارتباطات کے ڈائرکٹر جنرل ڈاکٹر سلیمانی نے مہمانوں کو خوش آمدید کہتے ہوئے تفصیل سے ڈاکٹر عابدی کی فارسی ادبی خدمات خصوصی طور پر کلیّات غالبؔ فارسی اور ان کے توسط سے فارسی شعر و ادب کا برصغیر میں تعارف کا تذکرہ کیا۔ ڈاکٹر سلیمانی نے ہندو پاک اور ایران کا علمی، تہذیبی اور ثقافتی رشتہ جو فارسی ادبیات کے ذریعہ صدیوں سے جوڑا ہے محکم اور غیر فانی بتایا۔

ڈاکٹر حسن ہائری ماہر غالبیات نے غالبؔ کی شخصیت اور فارسی شاعری پر بھر پور گفتگو کی موصوف نے ڈاکٹر عابدی کی مرتبہ کلیّات غالبؔ فارسی اور اس کے مقدمہ پر بھی سیر حاصل بات چیت کر کے کلیات کو غالب شناسی کا سنگ میل قرار دیا۔ اس علمی محفل میں یونیورسٹی کے اساتذہ، شعرا، ادیب اور بڑی علمی شخصیات کے علاوہ ڈاکٹر حسین مظفری، ڈاکٹر نجفی، ڈاکٹر زرارعی، ڈاکٹر حسن مظفری وغیرہ شامل تھے۔

اس تقریب کا کلیدی خطبہ ڈاکٹر تقیؔ عابدی نے فارسی میں دیا، اور انھوں نے کوئی پون گھنٹے تک غالبؔ کی فارسی شاعری کے مختصر گوشوں پر دلچسپ اور خوبصورت گفتگو کی جو پسند کی گئی۔ اس تقریب کے دوران کلیّات فارسی کی رونمائی ہندو پاک کے سفیروں نے انجام دی۔ یہ خوبصورت محفل افطار کی ضیافت پر ختم ہوئی۔